Securities and Exchange Commission of Pakistan

Press Release

July 29, 2019

For immediate release

ایس ای سی پی نے پاک میمن امپیکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور میمن کارپوریٹائزیشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ضمن میں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے تحت کمپنیوں کے خاتمے کے لئے درخواست کا اندراج کروانے کی اجازت دے دی

اسلام آباد (29 جولائی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مستعدی اور مؤثر طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے اس بات کا پتہ چلایا ہے کہ پاک میمن ایمپکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور میمن کارپوریشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ گاڑیوں، مکانات، الیکٹرانکس وغیرہ کی لیز نگ کے غیر قانونی اور غیر منظور شدہ کاروبار میں ملوث ہے۔ علاوہ ازیں یہ کمپنیاں سرمایہ کاری اور کاروبار کی فنانسنگ کے نام پر صارفین کو ان کی سرمایہ کاری کے عوض متاثر کن ریٹرن کا لالچ دیتے ہیں جبکہ صارفین کی جانب سے ایک طے شدہ ڈاون پیمنٹ پر پانچ سالہ لیز نگ پلان بھی دیتے ہیں۔

اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستان میں کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 282C اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 509 کے تحت ایسی کاروباری سرگرمیاں ممنوع ہیں اور صرف اور صرف ایگولیٹری ادارے کی جانب سے لائسنس ہونے پر ہی قانون کے تحت متعین شرائط وضوابط کے مطابق ہی ایسی کاروباری سرگرمیاں انجام دی جاسکتی ہیں۔

انہی وجوہات کی بنیاد پر رواں سال مارچ میں ایکٹ کی دفعہ 301 کے تحت ان کمپنیوں کے خلاف کمپنیوں کو بند کرنے (وائنڈنگ اپ) کی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے اور متعلقہ رجسٹرار کو ان کمپنیوں کے خلاف وائنڈنگ اپ کی پیٹیشن ہائی کورٹ میں داخل کرنے کی اتھارٹی دے دی گئی ہے۔

لہذا، عوام الناس کو انتباہ کیا جاتا ہے کہ غیر حقیقی منافع اور رعایتوں کا لالچ دینے والی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے یہ وارنگ اس کمپنی کے ساتھ معاملات کرنے والے سٹیک ہولڈروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے جاری کی جا رہی ہے جو کہ کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 282C اور ایکٹ کی دفعہ 509 کے تحت ممنوع ہیں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے آگاہ کیا جاتا ہے کہ صرف ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹریشن کسی کمپنی کے ڈائریکٹرز اور مالکان کو یہ اجازت نہیں دیتی کہ مذکورہ کمپنی چاہے وہ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی ہو یا پبلک کمپنی، وہ غیر قانونی اور ممنوع کاروباری سرگرمیاں کر سکتے ہیں۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk